**بینک دولت پاکستان**

**شعبہ شماریات و ڈیٹا وئیرہاؤس**

**آئی آئی چندریگر روڈ**

**کراچی**

D.S. MFS. 5(18)/2016-269

5 جنوری 2016

**صدور / انتظامی سربراہان،**

**جملہ جدولی بینک،**

**محترم / محترمہ،**

**اسلامی مالکاری اور متعلقہ اثاثوں کی رپورٹنگ**

بحوالہ بینک دولت پاکستان مراسلہ نمبر D.S. MFS. 5(18)/2010-285 بتاریخ یکم مارچ، 2010 جس کے ذریعے بینکوں کو ہدایت کی گئ تھی کہ قرض برائے خریداری اشیا کو "دیگر اثاثے" میں درج کریں جب تک قرض دار کے ساتھ بینک کا معاہدہ طے نہ ہو جائے۔ تاہم بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ BSD کے مراسلہ نمبر3، 2013 کی ہدایت کے مطابق قرض برائے خریداری اشیا کو "اسلامک مالکاری اور متعلقہ اثاثے" میں درج کریں جس کے نتیجے میں "دیگر اثاثے" میں درج متعلقہ اعدادوشمار مالکاری کا حصہ بن جائیں گے۔ لہذا تمام بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ قرضوں کے اعدادوشمار کی رپورٹنگ کے لیے شعبہ شماریات و ڈیٹا وئیرہاؤس کو جمع کرائے جانے والے تمام گوشواروں کو پر کرنے کے لیے BSD کے مذکورہ مراسلے میں درج ہدایات کی فی الفور تعمیل کریں۔ BSD کے مراسلے کی ہدایات روایتی اور اسلامی بینکوں کے مجموعی اعدادوشمار کی رپورٹنگ پر بھی لاگو ہوتی ہیں۔

مزید وضاحت کے لئے رضوان احمد، جوائنٹ ڈائریکٹر، شعبہ شماریات و ڈیٹا وئیرہاؤس، بینک دولت پاکستان سے بذریعہ برقی خط rizwan.ahmad@sbp.org.pk یا فون نمبر021-32453679 پر رابطہ کریں۔

خیر اندیش

(ڈاکٹر عزیز اللہ خٹک)

ڈائریکٹر